© rasailojaraid.com




جائے ۔ اس کے عوض ضرورت ہو تو ان کی کچھ مالی خدمت بھی کی جائے ۔ زیر تربیت طلباء کا اسکالرشپ پانچ سو ۵۰۰ روپیے سے بڑھا کر چھ سو ۶۰۰ روپیے ماہانہ کر دیا گیا ہے ۔ قیام کی سہولت حسب سابق حاصل رہے گی ۔ امید ہے اب وہ زیادہ سکون سے اپنا کورس مکمل کر سکیں گے ۔ (مزید تفصیل کے لیے دیکھئے ص ۶۳)

**توسیعی خطبات** کے پروگرام کے تحت ۱۵ اگست کو بعد مغرب ڈاکٹر محمد عبدالحق انصاری پروفیسر ریسرچ سنٹر جامعہ امام محمد بن سعود، ریاض نے لکچر دیا ۔ موضوع تھا "امام غزالی کا دینی فکر"۔ طلباء اور اساتذہ کی کافی تعداد نے شرکت کی ۔ سوال و جواب کا بھی موقع ملا ۔

**سہ ماہی تحقیقات اسلامی** ، قدیم و جدید موضوعات کو جس طرح علمی اور سنجیدہ انداز میں، کتابت و طباعت کے اعلیٰ معیار کے ساتھ پیش کر رہا ہے، خدا کا شکر ہے اس کی قدر و قیمت روز بروز زیادہ محسوس کی جا رہی ہے ۔ امید ہے علمی حلقوں کا مزید تعاون اسے حاصل ہوگا ۔ اس مجلہ سے کوئی مالی منفعت نہیں حاصل ہو رہی ہے اب تک مجلّہ اصل لاگت پر دیا جا رہا تھا لیکن سامانِ طباعت کی ہوش ربا گرانی اور ڈاک کے مصارف میں آئے دن کے اضافہ کی وجہ سے اس کی قیمت میں تھوڑا سا اضافہ ناگزیر ہو گیا ہے ۔ اب آئندہ سالانہ زرتعاون بجائے تیس ۳۰ روپیہ کے پینتیس ۳۵ روپیہ ہوگا ۔ امید ہے قیمت میں یہ معمولی سا اضافہ تحقیقات اسلامی کے قدرداں خوش دلی سے قبول کریں گے ۔ اسے بار نہیں محسوس فرمائیں گے لائبریری ایڈیشن کی قیمت سالانہ ۷۰ روپئے ہوگی ۔ ہمیں افسوس ہے کہ پچھلے دو شماروں میں پریس کی غفلت کی وجہ سے لائبریری ایڈیشن میں مطلوبہ کاغذ نہیں استعمال ہو سکا ۔ آئندہ اس کا خیال رکھا جائے گا ۔

**ایک شمارہ کی قیمت اب اس طرح ہوگی ۔ عام ایڈیشن دس ۱۰ روپیے ۔ لائبریری ایڈیشن بیس ۲۰ روپیے**





© rasailojaraid.com